# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 07 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** ****

### ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اس مرتبہ کے عام انتخابات میں خواتین کی بڑھتی تعداد کے پیشِ نظران کا کردار اہم۔

☆ پہلے مرحلے کے انتخابات کی تشہیر تیز؛ دوسرے مرحلے کے چناؤ کیلئے امیدواری واپس لینے کا کل آخری دِن۔

☆ لوک سبھا انتخابات میں غیر جانبدار رہنے کا ریپبلکن پارٹی آف انڈیا (RPI) کا فیصلہ۔

اور۔۔ ☆ دھاراشیو ضلع میں زمین کے جعلی رجسٹریشن معاملے میں 24 سروس سینٹر آپریٹرس کے خلاف مقدمہ درج۔

**** **** ****

اب خبریں تفصیل سے:

اس مرتبہ کے عام انتخابات میں امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کرنے میں خواتین رائے دہندگان کا اہم کردار ہوگا۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ 2004, 2009, 2014 اور 2019 کے مقابلے میں 2024 میں خواتین ووٹرس کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ انتخابی کمیشن کی جانب سے خواتین رائے دہندگان میں رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے ''سویپ'' پروگرام کے ذریعے مختلف سرگرمیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔ آنگن واڑی خادماؤں' آشا ورکرز' نرسوں' خواتین کے اپنی مدد آپ گروپس اور غیر سرکاری تنظیموں کے ذریعے خواتین ووٹروں کے اندراج کو بڑھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ وہیں صنعت' تعلیم' ادب' فن اور ثقافت سمیت مختلف شعبہ جات میں سرکردہ خواتین کے ذریعے خواتین ووٹرس کے اندراج کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔

**** **** ****

لوک سبھا کے پہلے مرحلے میں تشہیر کا عمل تیز ہوگیا ہے۔ بڑی سیاسی جماعتوں کے اہم قائدین مختلف مقامات پر جلسۂ عام سے خطاب کررہے ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل صبح اُتر پردیش کے سہارن پور میں اور دوپہر میں راجستھان کے اجمیر میں واقع پشکر میں عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ اس کے بعد انھوں نے اُتر پردیش ہی کے غازی آباد میں روڈ شو کیا۔ اسی طرح بی جے پی کے سینئر قائد نتن گڈکری نے ایوت محل ضلع کے پانڈھرکوڑہ میں اپنی پارٹی کیلئے تشہیر کی۔

وہیں کانگریس پارٹی کی جانب سے راجستھان کے جئے پور میں ایک بڑے انتخابی جلسے کا انعقاد کیا گیا۔ اس جلسے میں پارٹی کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے، سونیا گاندھی اور راہل گاندھی نے شرکت کی۔

دریں اثناء لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے امیدواری واپس لینے کی آخری تاریخ 8 اپریل ہے۔ ناندیڑ لوک سبھا حلقے میں موہن راؤ واگھمارے نامی امیدوار نے کل اپنا امیدواری کا پرچہ واپس لے لیا۔ اس کے بعد 66 اہل امیدواروں میں سے اب 65 امیدوار انتخابی میدان میں رہ گئے ہیں۔

**** **** ****

کانگریس پارٹی نے عام انتخابات کیلئے کل مزید 6 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ ان میں مدھیہ پردیش کیلئے تین' گوا دو، جبکہ دادرہ اور نگر حویلی کا ایک امیدوار شامل ہے۔

***** ***** *****

عام انتخابات میں ریپبلکن پارٹی آف انڈیا (RPI) نے مہایوتی اتحاد کیلئے کام نہ کرنے اور غیر جانبدار رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل احمد نگر میں منعقدہ ایک فیصلہ کُن میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ پارٹی کے مرکزی رابطہ کار شری کانت بھالے راؤ اور پارٹی کی ریاستی یونٹ کے نائب صدر وجئے واگھچورے کی موجودگی میں اس میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ RPI نے لوک سبھا انتخابات کیلئے مہایوتی سے شرڈی اور شولاپور حلقوں کا مطالبہ کیا تھا، جس کے قبول کیے جانے کے آثار نظر نہ آنے پر پارٹی نے غیر جانبدار رہنے کا فیصلہ کیا۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے رُکن اور سابق ریاستی وزیر ببن راؤ گھولپ اور سابق رُکنِ اسمبلی سنجئے پوار اپنے کارکنان کے ساتھ کل شیوسینا میں شامل ہوگئے۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے موجود تھے۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے شرور حلقے سے منگل داس باندل کی امیدواری واپس لے لی ہے۔ باندل کی جانب سے بارامتی حلقے سے متعلق پارٹی مخالف مؤقف اختیار کرنے پر یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی قائد دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ کلیان حلقے کے موجودہ رُکنِ پارلیمان اور شیوسینا شندے گروپ کے ڈاکٹر شری کانت شندے ہی مہایوتی کے امیدوار ہوں گے۔ انھوں نے اُمید ظاہر کی کہ NDA میں شامل بی جے پی سمیت تمام اتحادی جماعتیں انھیں بھاری اکثریت سے جیت دلائیں گی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ کل بی جے پی کے یومِ تاسیس کے موقع پر ناگپور میں منعقدہ ایک پروگرام کے بعد صحافیوں سے بات کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی ملک میں سب سے زیادہ پارٹی اراکین اور عوامی نمائندے رکھنے والی پارٹی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس پارٹی میں کبھی پھوٹ نہیں پڑی کیونکہ اس کے کارکنان خود غرض نہیں ہے۔ اس موقع پر پارٹی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے سمیت دیگر قائدین موجود تھے۔

***** ***** *****

سامعینِ کرام! آکاش واری نے ایک پروگرام ''لوک نِرنیئے مہاراشٹراچا'' شروع کیا ہے، جس میں ریاست کے لوک سبھا حلقوں کے امیدواروں' چناؤ لڑنے میں اُن کا کردار اور مقامی سیاست کا جائزہ لیا جائیگا۔ پروگرام کی آج کی قسط میں ہم ہنگولی لوک سبھا حلقے کا جائزہ لیں گے۔ یہ پروگرام شام سوا سات سے ساڑھے سات بجے تک ممبئی کے اسمتا چینل اور سوشل میڈیا پر سنا جاسکے گا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے سلسلے میں کل چھترپتی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی میں سلوڑ، کنڑ، گنگا پور اور ویجا پور اسمبلی حلقوں کیلئے انتخابی عملے کی تربیت کا انعقاد کی گیا۔ اس موقع پر کلکٹر نے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ ٹریننگ کے بعد وہ انتخابی کاموں کو بھرپور اعتماد کے ساتھ انجام دیں۔

***** ***** *****

پربھنی میں رائے دہی کے فیصد میں اضافے کی خاطر انڈین میڈیکل اسوسی ایشن کی پربھنی شاخ کی جانب سے انتخابی عمل میں شرکت کرنے والے شہریان کی میڈیکل جانچ کی فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی۔ یہ سہولت رائے دہی کے دِن سمیت دو دِنوں کیلئے نافذ رہے گی۔ تنظیم کے ضلع صدر ڈاکٹر رام گوپال کالانی نے یہ اطلاع دی۔ اسی بیچ ضلع میں رائے دہی کے فیصد میں اضافہ کرنے بیداری پیدا کرنے کی خاطر ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے عوام سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ ڈالنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں کل سوشل میڈیا کے غلط استعمال کے معاملے میں جرم داخل کیا گیا ہے۔ چار افراد کے خلاف نوٹسیں جاری کی گئی ہیں۔ اسی طرح قابلِ اعتراض پوسٹ کرنے کے معاملے میں 13 افراد کو پولس ڈھونڈ رہی ہے۔

***** ***** *****

عام انتخابات میں رائے دہی کے فیصد میں اضافے کی خاطر لاتور ضلع میں کل صبح آٹھ بجے ضلعی سطح پر عوامی ریلی کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

آن لائن سروس سینٹر آپریٹرس نے دھاراشیو ضلع میں تقریباً دو ہزار 994.54 ہیکٹر سرکاری اراضی کا کسانوں کے نام پر جھوٹا رجسٹریشن کرواکر حکومت اور بیمہ کمپنیوں کو دھوکہ دیا ہے۔ اس معاملے میں 24 سروس سینٹر آپریٹرس کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ان میں بیڑ ضلع کے 16 ' چھترپتی سمبھاجی نگر دو' پربھنی دو' ناندیڑ ایک' شولاپور اور دھاراشیو ضلع کا ایک ایک آپریٹر شامل ہے۔ خبر میں کہا گیا ہے کہ یہ فصل بیمہ سروس سینٹر آپریٹرس نے تقریباً ایک ہزار 170 کسانوں کے نام پر جھوٹا ریکارڈ دکھا کرادا کیا گیا۔

***** ***** *****

کھیل کی ترقی کے عالمی دن اور امن دِن کی مناسبت سے کل پربھنی کے کھیل اسٹیڈیم میں صفائی مہم چلائی گئی۔ ضلع کی کھیل تنظیموں' مداحوں' کھلاڑیوں اور انکے مدرسین نے اس مہم میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجاپور میں کل بجلی کمپنی کے سینئر ٹیکنیشین نتن سیتاپے اور کشور ہنگر گیکر کو پانچ ہزار روپئے رشوت قبول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ ہنگر گا میں بجلی فراہمی نظام میں درستی کی خاطر رشوت کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں کل بچوں کے ارتقاء وعلاج کے مرکز اور اُمنگ نامی ادارے کی جانب سے ورلڈ سیلف انگیجمنٹ کی مناسبت سے ایک خصوصی کیمپ اور ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر کُل 42 نابالغ مریضوں کا طبّی معائنہ اور علاج کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں واقع ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں کل ریاستی سطح کی سینئر خواتین کُشتی چمپئن شپ اور خواتین مہاراشٹر کیسری مقابلوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ کولہاپور، ستارا، احمد نگر اور پمپری چنچوڑ کی خواتین پہلوانوں نے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے پیشن گوئی کی ہے کہ آئندہ دو دِنوں میں وسطی مہاراشٹر‘ مراٹھواڑہ اور ودربھ کے مختلف مقامات پر بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ میں بجلی گرنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اسی دوران ریاست میں سب سے زیادہ درجۂ حرارت شولا پور میں 43 ڈگری درج کیا گیا۔ پربھنی اور بیڑ اضلاع میں اوسط درجہ 41 ‘ دھاراشیو 40 اور چھتر پتی سمبھا جی نگر میں پارہ 39 ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اس مرتبہ کے عام انتخابات میں خواتین کی بڑھتی تعداد کے پیشِ نظران کا کردار اہم۔

☆ پہلے مرحلے کے انتخابات کی تشہیر تیز؛ دوسرے مرحلے کے چناؤ کیلئے امیدواری واپس لینے کا کل آخری دِن۔

☆ لوک سبھا انتخابات میں غیر جانبدار رہنے کا ریپبلکن پارٹی آف انڈیا (RPI) کا فیصلہ۔

اور۔۔ ☆ دھاراشیو ضلع میں زمین کے جعلی رجسٹریشن معاملے میں 24 سروس سینٹر آپریٹرس کے خلاف مقدمہ درج۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****